سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ

الجزء۲

اب بکیں گے بیوقوف لوگ، کہ کس نے پھیر دیا ان مسلمانوں کو انکے اس قبلہ سے جس

كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ

پر تھے۔ کہہ دو کہ اللہ ہی کیلئے ہے پورب پچھّم۔ چلائے جسے چاہے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۴۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا

سیدھا راستہ ● اور اسی طرح کر دیا ہم نے تم کو بہتر امت، تا کہ ہو جاؤ

شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ وَمَا

گواہ لوگوں پر۔ اور رسول تم پر گواہ و نگراں ہو جائیں۔ اور ہم

جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ

نے نہیں بنایا تھا اُس قبلہ کو جس پر تم تھے، مگر اسلئے کہ الگ معلوم کرا دیں جو غلامی کرے رسول کی ان

مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى

سے جو الٹے پاؤں لوٹے۔ گو یہ بات گراں ہوئی مگر ان پر

الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ

جن کو اللہ نے ہدایت دی۔ اور نہیں ہے اللہ کہ بے کار کر دے تمہارے ایمان کو۔ بے شک

اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۳﴾ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي

اللہ لوگوں پر بے حد مہربان رحمت والا ہے ● ہم ملاحظہ کر رہے ہیں تمہارے چہرہ کے بار بار

السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ

اٹھنے کو، تو ضرور پھیر دیں گے ہم تم کو تمہارے پسندیدہ قبلہ کی طرف، تو اب پھیر دو اپنا رخ مسجد

الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ

حرام کی طرف۔ اور تم لوگ جہاں کہیں ہو، اپنا اپنا رخ اُسی کی طرف کرو۔ اور بے شک

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا

جو دیئے گئے تھے کتاب، ضرور جانتے ہیں کہ بیشک، یہ حق ہے انکے رب کی طرف سے۔ اور نہیں ہے

اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اللہ بے خبر انکے کرتوتوں سے ● اور اگر لاتے تم انکے پاس جن کو کتاب دے چکا ہی ہے

بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ

ساری نشانی، نہ پیروی کرتے تمہارے قبلہ کی، اور نہ تم ہی انکے قبلہ کے پیرو ہو، اور نہ خود ان میں ایک دوسرے

بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ۭ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا

کے قبلہ کا پیرو ہے۔ اور اگر کوئی تمہارا ہو کر پیروی کرے اُنکی خواہشوں کی، بعد اسکے کہ

جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۴۵ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

آیا تمہارے پاس علم، تو بیشک وہ تمہارا اس صورت میں حد سے بڑھ جانیوالوں سے ہے ● جن کو ہم نے کتاب دی ہے،

الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَاۗءَهُمْ ۭ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ

پہچانتے ہیں پیغمبرِ اسلام کو، جیسے لوگ اپنے بیٹوں کو پہچانیں۔ اور بیشک ان میں سے ایک گروہ

لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝۱۴۶ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا

حق کو ضرور چھپاتا ہے، جانتے بوجھتے ●--- یہ حق ہے لوگو! تمہارے رب کی طرف سے، تو

تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝۱۴۷ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا

ہرگز شک نہ کرنا ● اور ہر ایک کیلئے ایک رخ ہے کہ اُسکی طرف متوجہ ہے، تو نیکیوں میں آگے بڑھنے

الْخَيْرٰتِ ۭ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

کی خواہش کرو--- جہاں کہیں ہو گے تم سب کو اللہ لے آئے گا۔ بیشک اللہ

عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۴۸ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ

ہر چاہے پر قادر ہے ● اور جہاں سے نکلو، اپنا منہ

شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ

مسجدِ حرام کی طرف رکھو، اور بیشک وہ ضرور حق ہے تمہارے پروردگار کی طرف سے، اور نہیں ہے اللہ بے خبر

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۴۹ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ

تمہارے کئے عملوں سے ● اور جہاں سے سفر کرو، تو اپنے منہ کو مسجدِ حرام

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ

کی طرف کیا کرو۔ اور جہاں بھی رہو، اپنا اپنا منہ اسی طرف پھیرا کرو،

لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۣ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ

تا کہ نہ رہ جائے لوگوں کو تم پر کوئی حجت، مگر وہ جو حد سے بڑھ چکے ہیں،

وقف لازم
صلی اللہ علیہ وسلم
وقف النبی

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۞ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ

توان سے ڈرومت، اور مجھی کوڈرو، اورتا کہ میں اپنی نعمت تم پر پوری کردوں، اورایسا ہو کہ تم

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا

ہدایت پاؤ● جیسا کہ بھیجا ہم نے تم میں ایک رسول، تم میں سے، تلاوت کریں تم پر ہماری آیتیں

وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا

اور پاک کریں تم کواور سکھائیں تم کو کتاب، اورحکمت، اور بتائیں جوتم جانتے ہی نہ

تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿۱۵۲﴾ ع ۱۵

تھے● تو میرا ذکر کرو، میں تمہارا چرچا کردوں گا اور میرے شکر گزار رہو، اور کفرانِ نعمت نہ کرو●

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ

اے ایمان والو! مدد چاہو صبر اورنماز سے، بیشک اللہ صبر کرنے

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ بَلْ

والوں کے ساتھ ہے● اورمت کہواس کو جوقتل کیا جائے اللہ کی راہ میں مردہ، بلکہ وہ

اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَ

زندہ ہیں، لیکن تمہیں شعور نہیں● اورضرور ہی آزمائیں گے ہم تم کو کچھ ڈر اور

الْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ وَبَشِّرِ

بھوک سے، اور کچھ مالوں اور جانوں اور پھلوں کے نقصان سے، اورخوشخبری دے دو

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ

صبر کرنے والوں کو● جن کو جب مصیبت پہنچی، تو بولے، کہ "بیشک ہم اللہ کیلئے ہیں اور بیشک ہم

اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ اُولٰۗىِٕكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۟ وَاُولٰۗىِٕكَ

اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں"● یہی لوگ ہیں جن پر بار بار درود ہے انکے پروردگار کی طرف سے اور رحمت ہے۔۔۔ اور یہی

هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَاۗىِٕرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ

ہیں ہدایت یافتہ● بیشک صفا و مروہ اللہ کی نشانیوں سے ہیں۔ پس جس نے بیت اللہ کا حج

الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۭ وَمَنْ تَطَوَّعَ

کیا، یا عمرہ کیا، تو اس پر کوئی الزام نہیں، کہ صفا مروہ کے پھیرے کاٹے، اور جس نے نفل کے طور پر ادا کیا

خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ

نیکی کو، تو بیشک اللہ اجر دینے والا جاننے والا ہے ● بیشک جو لوگ چھپائیں وہ، جو اتارا ہم نے

الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ

روشن باتوں اور ہدایت کو، بعد اسکے کہ بیان فرمادیا ہم نے اس کو لوگوں کیلئے کتاب میں، وہ لوگ ہیں

يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا

کہ ان پر اللہ کی پھٹکار اور سارے لعنت کرنے والوں کی لعنت ہے ● مگر جس نے توبہ کرلی اور اصلاح کردی،

وَبَيَّنُوْا فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور کھول کر رکھ دیا، تو وہ لوگ ہیں کہ میں قبول فرمالوں گا اُنکی توبہ کو۔ اور میں ہی توبہ کا بڑا قبول فرمانیوالا رحمت والا ہوں ● بیشک

كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

جنہوں نے کفر کیا اور مرے کافر ہی، وہ لوگ ہیں جن پر اللہ کی لعنت ہے، اور فرشتوں کی،

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ

اور انسانوں کی سب کی ● ہمیشہ رہنے والے اسی میں۔ نہ ہلکا کیا جائے گا ان پر عذاب،

وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ

اور نہ وہ مہلت دیئے جائینگے ● اور تم لوگوں کا معبود، ایک معبود ہے۔ کوئی معبود نہیں، سوا اسی بڑے مہربان

الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ ع اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ ۱۹ ع ۱۲

رحمت والے کے ● بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش، اور رات دن کے الٹ پھیر،

وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِىْ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ

اور کشتیاں جو دریا میں لئے چلتی ہیں اس کو جو لوگوں کو نفع دے، اور جو

اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

اتارا اللہ نے آسمان کی سمت سے پانی، پھر اس سے زندگانی دے دی زمین کو اسکے مرجانے کے

وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۖ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ

بعد، اور پھیلا دیا اس میں سبھی طرح کے جانور، اور ہواؤں کی مختلف چال، اور وہ ابر جو آسمان و زمین

بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَمِنَ النَّاسِ

کے درمیان پابند ہے، ان سب میں ضرور نشانیاں ہیں اس قوم کیلئے جو عقل سے کام لے ● اور عام لوگوں سے ایسے بھی ہیں

مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ

جو بناتے ہیں اللہ کو چھوڑ کر کئی معبود، اور اُنکی محبت رکھیں جیسے خدا کی محبت۔ اور جو ایمان

اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ

لا چکے، وہ سب سے زیادہ متوالے ہیں اللہ کیلئے۔ اور کیا فائدہ اگر دیکھ ہی لیں یہ ظالم لوگ اس وقت، جبکہ دیکھیں گے آنکھ سے

اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ اِذْ تَبَرَّاَ

عذاب کو، کہ بلاشبہ زور اللہ کیلئے ہے سب، اور بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے ● جس وقت کہ بیزار ہو گئے

الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ

جن کی پیروی کی گئی ان سے، جنہوں نے پیروی کی تھی، اور آنکھوں سے دیکھ لیا عذاب کو اور کٹ گئے

بِهِمُ الْاَسْبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ

انکے رشتے ● اور بولے وہ، جنہوں نے پیروی کی تھی، "کاش ہماری دنیا دوبارہ ہو، تو ہم ان سے بے زار

مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ

ہوں، جس طرح انہوں نے ہم سے بے زاری کی ہے"۔ اسی طرح دکھاتا ہے انکو اللہ، انکے کرتوتوں کو سامانِ حسرت بنا کر

ع ۱۴ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا

ان پر۔ اور نہیں ہیں وہ نکلنے والے جہنم سے ● اے لوگو! کھاؤ جو کچھ

فِى الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ

زمین میں سے ہے حلال پاکیزہ، اور نہ چلو قدم بہ قدم شیطان کے۔ بیشک وہ

لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۶۸﴾ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ

تمہارے لئے کھلا ہوا دشمن ہے ● بس وہ یہی حکم دیتا ہے برائی اور بے شرمی کا، اور یہ کہ

تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ

جوڑو اللہ پر وہ، جس کو تم جانتے ہی نہیں ● اور جب ان سے کہا گیا کہ پیروی کرو جس کو

اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ

اللہ نے اتارا ہے، تو بولے بلکہ ہم تو اسکی پیروی کرتے ہیں جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ کیا گو انکے

اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ

باپ دادا نہ کچھ عقل ہی رکھتے ہوں، اور نہ ہدایت۔ ● کافروں کی مثال

كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ

اُس کی جیسی ہے، جو آواز دے اس کو، جو کچھ سنتا ہی نہیں سوا چیخ اور پکار کے، بہرے

بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ

گونگے اندھے، انہیں تو عقل ہی نہیں ● اے ایمان والو! کھاؤ

طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾

پاکیزہ چیزوں سے جو ہم نے تم کو روزی فرمادی، اور شکرگزار ہو اللہ کے، اگر تم اسی کو پوجتے ہو ●

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَاۤ اُهِلَّ بِهٖ

اور بس یہی حرام فرمادیا ہے تم پر مردار کو، اور خون کو، اور سور کے گوشت کو، اور اس جانور کو، جو ذبح کیا گیا

لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَاۤ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ

غیر خدا کا نام لیتے ہوئے، تو جو بے قرار ہوگیا، نہ خواہشمند ہے اور نہ حد سے بڑھنے والا ہے، تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔ بیشک

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۷۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ

اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے ● بیشک جو لوگ چھپائیں جس کو اتارا اللہ نے کتاب سے،

الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ

اور اس سے حاصل کریں تھوڑی قیمت، وہ لوگ نہیں کھاتے

بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۪

اپنے پیٹ میں، مگر آگ، اور نہ کلام فرمائیگا ان سے اللہ، قیامت کے دن، اور نہ ان کو پاک فرمائیگا،

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى

اور انکے لئے دکھ دینے والا عذاب ہے ● وہ لوگ ہیں جنہوں نے خریدا گمراہی کو ہدایت کے بدلے،

وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَاۤ اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ

اور عذاب کو بخشش کے بدلے۔ بڑے عجیب صبر کرنے والے ہیں آگ ہی پر ● یہ یوں کہ

اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ

اللہ نے اتاری کتاب حق کے ساتھ، اور بیشک جنہوں نے اختلاف پیدا کیا کتاب میں،

لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۱۷۶﴾ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ ع ۲۱ ۵

ضرور وہ پرلے درجہ کے ضد میں ہیں ● نہیں ہے نیکی یہی کہ منہ کرلو

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

پورب پچھّم کی طرف، لیکن نیکی اس کی ہے، جو مان گیا اللہ اور پچھلے دن

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي

اور فرشتوں اور کتاب اور پیغمبروں کو، اور مال دیا اللہ کی محبت میں قرابت

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ

داروں کو، اور یتیموں کو اور مسکینوں کو اور مسافر کو، اور منگتا لوگوں کو،

وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ

اور گردن آزاد کرانے میں، اور قائم رکھا نماز کو، اور دیا زکوٰۃ کو، اور پورا کرنے والے اپنے عہد کو

اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ

جب معاہدہ کر چکے، اور صبر کرنے والے تنگی اور سختی میں اور جہاد کے وقت،

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

یہی لوگ ہیں جو سچے نکلے۔ اور یہی لوگ پرہیزگاری کرنے والے ہیں ● اے

اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ

مسلمانو! فرض کر دیا گیا تم پر خون کا بدلہ لینا ناحق قتل کئے گئے لوگوں کے بارے میں۔ آزاد کے بدلے آزاد اور غلام

بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ

کے بدلے غلام، اور عورت کے بدلے عورت۔ ہاں جسکے لئے اسکے بھائی کی طرف سے کچھ معافی دے دی گئی،

فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ

تو دیت کا تقاضہ کرنا ہے عمدگی کے ساتھ، اور اس کا ادا کر دینا ہے خوشی کے ساتھ۔ یہ تخفیف سزا تمہارے

رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾

رب کی طرف سے ہے، اور رحمت ہے۔ تو جو حد سے بڑھا اسکے بعد، تو اسکے لئے دکھ دینے والا عذاب ہے ●

وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾

اور تمہارے لئے خون کے بدلہ لینے میں زندگانی ہے اے عقل والو! کہ اب سے تم ڈرو ●

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۖ الْوَصِيَّةُ

تم پر فرض کیا گیا جب کہ آجائے تم میں سے کسی کی موت، اگر چھوڑے کچھ سرمایہ کو، وصیت کرنا،

لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ فَمَنْ

ماں باپ اور قرابت مندوں کے لئے نیک رواج کے موافق۔ یہ حق ہے پرہیزگاروں کے ذمہ پر● تو جس نے

بَدَّلَهٗ بَعْدَمَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ

وصیت بدل دی، بعد اس کے کہ اس کو سن لیا، تو اس کا گناہ ان پر ہے جو اس کو بدل ڈالیں۔

اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۸۱﴾ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا

بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے● ہاں، جو ڈرا وصیت کرنے والے کی طرف سے کسی بے انصافی یا گناہ کو،

فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸۲﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ۲۲

پھر ان میں صلح کرادی، تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔ بیشک اللہ بڑا بخشنے والا رحمت والا ہے● اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ

ایمان والو! فرض کیا گیا تم پر روزہ، جس طرح فرض کیا گیا ان پر، جو

مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾ ۙ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ

تم سے پہلے تھے، کہ اب پرہیزگار ہو جاؤ● چند گنتی کے دن۔ پس جو

مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى

تم میں سے بیمار ہو گیا، یا سفر پر ہے، تو شمار ہے دوسرے دنوں میں۔ اور ان پر

الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا

جو طاقت کھو چکے ہیں، روزہ کا فدیہ ہے ایک مسکین کو کھانا کھلا دینا، تو جس نے نفل کی طرح نیکی کی،

فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۴﴾

تو یہ اسکے لئے بہتر ہے۔ اور روزہ رکھنا تمہارے لئے بہتر ہے، اگر تم علم سے کام لو●

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ

مہینہ رمضان کا وہ، کہ اتارا گیا جس میں قرآن، ہدایت انسانوں کیلئے، اور

بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ

روشن باتیں ہدایت اور فیصلہ کی۔ تو جس نے پالیا تم میں سے اس مہینہ کو،

فَلْيَصُمْهُ ؕ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ

تو اسکے روزے رکھے۔ اور جو بیمار ہے یا بحالت سفر ہے، تو اسکے لئے شمار ہے دوسرے دنوں

أُخَرَ ۗ يُرِيدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۖ وَلِتُكْمِلُوا

سے۔ چاہتا ہے اللہ تمہارے ساتھ آسانی کو، اور نہیں پسند فرماتا تمہارے لئے دشواری کو، اور اسلئے کہ مہینہ کی

الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿١٨٥﴾

گنتی پوری کرلو، اور اللہ کی تکبیر بولو، جو تمہاری ہدایت فرمائی، اور اب تو شکر گزار ہو جاؤ●

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ

اور جب پوچھیں تم سے میرے بندے مجھے، تو بیشک میں نزدیک ہوں، پکارنے والے کی دعا قبول فرماتا ہوں جب بھی

إِذَا دَعَانِ ۖ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ﴿١٨٦﴾

مجھے پکارے۔ تو ان کا کام ہے کہ میرے فرمان کی تعمیل کرتے رہیں اور مجھ پر ایمان لے آئیں کہ اب تو نیک ہوں●

أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلٰى نِسَائِكُمْ ۚ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ

حلال کر دیا گیا تمہارے لئے روزوں کی رات کو اپنی عورتوں کے پاس جانا۔ وہ لباس ہیں تمہاری،

وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۗ عَلِمَ اللّٰهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُونَ أَنْفُسَكُمْ

اور تم لباس ہو انکے۔ جان چکا تھا اللہ، کہ بیشک تم خیانت کر رہے تھے خود اپنی،

فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۖ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا

تو توبہ قبول فرمائی تم پر، اور عفو فرما دیا تم سے۔ پس اب صحبت کرو ان سے، اور خواہش کرو اسکی، جو

كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ

اللہ نے مقدر فرما دیا ہے تمہارے لئے۔ اور کھاؤ اور پیو، یہاں تک کہ ظاہر ہو جائے تمہارے لئے آسمان کا

الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۖ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ

سفید ڈورا سیاہ ڈورے سے، پو کے پھٹنے سے، پھر پورا کرو روزہ کو

إِلَى اللَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنْتُمْ عٰكِفُونَ ۙ فِي الْمَسٰجِدِ ۗ تِلْكَ

رات تک، اور نہ صحبت کرو بیبیوں سے جب کہ تم اعتکاف کر رہے ہو مسجدوں میں۔ یہ

حُدُودُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ

قانون الٰہی کی سرحدیں ہیں، تو انکے قریب نہ جاؤ۔ اسی طرح ظاہر فرماتا ہے اللہ اپنی نشانیوں کو لوگوں کیلئے،

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿١٨٧﴾ وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَ

کہ اب تو ڈریں● اور نہ کھاؤ اپنے آپس کے مال کو بے جا، اور

تُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ
نہ اس کا مقدمہ لے جاؤ حکام تک، بایں غرض، کہ لوگوں کا کچھ مال
بِالْاِثْمِ وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ ع ۲۳
ناحق کھالو، جان بوجھ کر● تم سے پوچھتے ہیں چاند کی مختلف شکلوں کے بارے میں، کہہ دو
مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَ لَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ
"یہ لوگوں کیلئے اور حج کیلئے تاریخ کی پہچان ہے"۔ اور نہیں ہے نیکی اس میں کہ گھروں میں آؤ
مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۪
پچھواڑے سے، ہاں نیکی اس کی ہے جس نے پرہیزگاری کی، اور آؤ گھروں میں ان کے دروازوں سے،
وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ
اور اللہ سے ڈرو کہ اب کامیابی پاؤ● اور لڑو اللہ کی راہ میں جو
يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَ
تم سے لڑیں اور کوئی زیادتی نہ کرو۔ بیشک اللہ پسند نہیں فرماتا، زیادتی کرنے والوں کو● اور
اقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَ اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ
ان کو مار ڈالو جہاں پاجاؤ ان کو، اور نکال دو جہاں سے نکالا تھا تم کو،
وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ
اور ان کا فتنہ زیادہ سخت ہے مار ڈالنے سے۔ اور نہ لڑو ان سے مسجد حرام کے پاس،
الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ كَذٰلِكَ
یہاں تک کہ تم سے لڑنے کی ابتدا حرم میں وہ کرگزریں، تو اگر وہ خود تم سے لڑ پڑے، تو مار وان کو یہی
جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾ وَ
سزا ہے کافروں کی● پھر اگر باز آ گئے، تو بیشک اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے● اور
قٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ
ان کو مارو یہاں تک کہ نہ رہ جائے کوئی فتنہ، اور سب کا دین اللہ کے واسطے ہو جائے● پس اگر
انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ
وہ باز آ گئے، تو زیادہ سختی نہیں ہے مگر ظالموں پر● ماہ حرام کا بدلہ ماہ حرام

الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا

ہے۔ اور آداب برتنے میں ادلا بدلا ہے۔ تو جس نے زیادتی کی تم پر، تو تم بھی زیادتی

عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

کرو اس پر، جیسی اس نے زیادتی کی تھی تم پر۔ اور اللہ سے ڈرو، اور یقین جانو کہ بیشک

اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا

اللہ ڈرنے والوں کے ساتھ ہے● اور خرچ کرو اللہ کی راہ میں، اور نہ ڈالو خود کو

بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛۚ وَاَحْسِنُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

اپنے ہاتھوں سے ہلاکت میں۔ اور احسان کرو۔ بیشک اللہ دوست رکھتا ہے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾ وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ

احسان کرنے والوں کو● اور پورا کرو حج وعمرہ کو اللہ کیلئے۔ پس اگر روک دیئے گئے تم،

فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى

تو بھیجو جو آسانی سے قربانی کا جانور ملے۔ اور نہ منڈاؤ اپنے سروں کو، یہاں تک کہ

يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى

پہنچ جائے قربانی اپنی جگہ۔ تو جو تم میں سے بیمار ہوا، یا اس کے سر میں کچھ

مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ

تکلیف ہے، تو اسکے لئے بدلہ ہے روزے، یا خیرات، یا قربانی۔ پھر جب

اَمِنْتُمْ ۪ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ

خیر وعافیت سے ہوئے۔۔۔تو جس نے حج سے عمرہ کو ملا دینے کا فائدہ اٹھایا، تو اس پر ہے جو میسر آئے

الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ

قربانی۔ پر جس نے نہ پائی قربانی، تو روزے ہیں تین دن کے زمانۂ حج میں، اور سات دن کے

اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ

جب حج سے تم وطن لوٹے، یہ پورے دس ہیں۔ یہ اسکے لئے جس کے اہل وعیال

حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

مسجد حرام کے پڑوسی نہیں ہیں۔ اور اللہ کو ڈرو اور جان رکھو کہ بیشک اللہ

ع ۱۲

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ

سخت عذاب فرمانے والا ہے● حج جانے بوجھے چند مہینے ہیں۔ تو جو فریضۂ حج

فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ؕ

ادا کرنے لگا ان میں، تو نہ عورتوں سے جماع کا تذکرہ ہے، اور نہ کوئی گناہ ہے، اور نہ حج میں

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ

لڑائی جھگڑا ہے۔ اور تم جو نیکی کرو، اللہ کو اس کا علم ہے۔۔۔ اور توشہ جمع کرو، کہ بیشک سب سے

التَّقْوٰى ۫ وَاتَّقُوْنِ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ

بہتر توشہ خوف خدا ہے۔ اور مجھ کو ڈرا کرو اے عقل والو● نہیں ہے تم پر کوئی الزام

تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ فَاِذَاۤ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا

کہ اپنے رب کا فضل تلاش کرو۔ پس جب واپس ہو تم عرفات سے، تو ذکر کرو

اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۪ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ

اللہ کا مشعر حرام کے پاس۔ اور اس کا ذکر کرو جس طرح اس نے تم کو بتایا ہے، گو

مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۱۹۸﴾ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ

پہلے سے تو تم گمراہوں سے تھے● پھر لوٹ پڑو جہاں سے

النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۹﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمْ

سب لوگ لوٹے، اور بخشش مانگو اللہ سے۔ بیشک اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے● پس جب تم

مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ

ارکان حج پورے کر چکے، تو اللہ کا ذکر کرو، جیسے تذکرہ تم میں رہتا ہے اپنے باپ دادا کا، بلکہ

ذِكْرًا ؕ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا

اس سے کہیں زیادہ۔ تو کوئی عامی یوں کہتا ہے، کہ "اے ہمارے رب، دے ہم کو دنیا میں"، اور نہیں ہے

لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَاۤ اٰتِنَا

اسکے لئے آخرت میں کچھ بھی حصہ● اور کوئی یوں کہتا ہے، کہ "پروردگار

فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾

ہم کو دنیا میں خوبی دے اور آخرت میں بھلائی، اور ہم کو بچالے عذاب جہنم سے"●

أُولَٰئِكَ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّمَّا كَسَبُوا ۚ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿٢٠٢﴾ وَ

وہی ہیں جن کے لئے حصہ ہے ان کی کمائی سے۔ اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہے● اور

اذْكُرُوا اللَّهَ فِي أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ ۚ فَمَن تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ

اللہ کا ذکر کرو گنتی کے دنوں میں۔ تو جس نے جلدی کی دو ہی دن میں،

فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَن تَأَخَّرَ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقَىٰ ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ

تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔ اور جس نے دیر کر دی، تو اس پر بھی کوئی گناہ نہیں اسکے لئے جو اللہ سے ڈرا۔ اور اللہ سے

وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٢٠٣﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي

ڈرو اور جان رکھو کہ بیشک تم اسکی طرف اٹھائے جاؤ گے● اور بعض لوگ وہ ہیں کہ اچھی لگے تم کو اسکی بات چیت

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللَّهَ عَلَىٰ مَا فِي قَلْبِهِ وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿٢٠٤﴾

دنیاوی زندگی میں، اور وہ گواہ بنائے اللہ کو اس پر جو اسکے دل میں ہے، حالانکہ وہ سب سے بڑا جھگڑالو ہے●

وَإِذَا تَوَلَّىٰ سَعَىٰ فِي الْأَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ

اور جہاں پیٹھ پھیری، تو زمین میں دوڑ دھوپ کرنے لگا، تاکہ اس میں فساد مچائے اور کھیتی

وَالنَّسْلَ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿٢٠٥﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُ اتَّقِ اللَّهَ

اور نسل کو تباہ کر دے۔ اور اللہ نہیں پسند فرماتا فساد کو● اور جب اس سے کہا گیا کہ اللہ سے

أَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْإِثْمِ فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ ۚ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿٢٠٦﴾ وَ

ڈر، تو اسکی نخوت نے ابھار دیا اس کو گناہ کیلئے، تو کافی ہے اس کو جہنم، اور وہ ضرور برا بستر ہے● اور

مِنَ النَّاسِ مَن يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ ۗ وَ

بعض آدمی ہیں جو بیچ ڈالتے ہیں اپنی جان کو، اللہ کی خوشی چاہنے میں۔ اور

اللَّهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ ﴿٢٠٧﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ

اللہ بے حد مہربان ہے بندوں پر● اے ایمان والو! داخل ہو اسلام میں

كَافَّةً ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۚ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿٢٠٨﴾

پورے پورے، اور نہ پیروی کرو شیطان کے قدموں کی۔ بیشک وہ تمہارے لئے کھلا دشمن ہے●

فَإِن زَلَلْتُم مِّن بَعْدِ مَا جَاءَتْكُمُ الْبَيِّنَاتُ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ

پس اگر تم ڈگمگائے اسکے بعد، کہ آگئیں تمہارے پاس صاف صاف باتیں، تو جان رکھو، کہ بیشک اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ

غلبہ والا حکمت والا ہے ● انہیں کچھ انتظار نہیں مگر اس کا، کہ آ لے ان کو عذاب الٰہی، بادل کے

مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾

سائبان میں، اور فرشتے، اور معاملہ کا فیصلہ کر دیا جائے۔ اور اللہ ہی کی طرف تمام کاموں کا لوٹنا ہے ●

سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَمَنْ يُّبَدِّلْ

پوچھ لو بنی اسرائیل کو کہ کتنی کھلی نشانی ہم نے ان کو دی تھیں۔ اور جو بدل ڈالے

نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾

اللہ کی نعمت کو اس کے آنے کے بعد، تو بیشک اللہ سخت عذاب فرمانے والا ہے ●

زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ

خوبصورت نگاہ میں کر دی گئی انکے جنہوں نے کفر کیا، دنیاوی زندگی، اور وہ مذاق اڑاتے ہیں ایمان والوں

اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ

سے۔۔۔ اور جو پرہیزگار ہوئے، ان سے بلند و بالا ہونگے قیامت کے دن۔ اور اللہ روزی دے

مَنْ يَّشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۟ فَبَعَثَ

جس کو چاہے ان گنت ● سارے انسان ایک ہی امت تھے۔۔ پھر بھیجا

اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۠ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ

اللہ نے پیغمبروں کو بشارت سنانے والے اور ڈرانے والے۔ اور اتارا انکے ساتھ کتاب کو

بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ وَمَا اخْتَلَفَ

بالکل حق، تاکہ وہ فیصلہ فرمایا کرے لوگوں کے درمیان اس میں جس میں انہوں نے اختلاف کیا۔ اور کتاب میں کسی نے اختلاف

فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا

نہیں کیا، مگر انہوں نے جن کو کتاب دی گئی، بعد اسکے کہ آ گئیں صاف صاف باتیں، آپس کی ہٹ

بَيْنَهُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ

دھرمی سے، تو ہدایت فرما دی اللہ نے، اُنکی جو ایمان لا چکے، اس بارے میں جس میں وہ مختلف ہوئے، ٹھیک

الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ۭ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۱۳﴾

بات کی، اپنے حکم سے۔ اور اللہ ہدایت فرمائے جس کی چاہے سیدھی راہ کی ●

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ

کیا تم نے گمان کرلیا کہ داخل ہوجاؤ گے جنت میں، اور ابھی نہیں آئی تمہارے پاس وہ حالت، جو اُنکی تھی کہ

خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى

گزر چکے تم سے پہلے، پہنچی ان کو سختی اور تنگی، اور اس قدر ہلا ڈالے گئے، کہ

يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ

کہہ پڑا خود رسول، اور جو اس کو مان چکے تھے وہ بھی، کہ کب ہوگی اللہ کی مدد۔ آگاہ رہو! کہ

نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ؕ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ

اللہ کی مدد نزدیک ہے ● تم سے پوچھتے ہیں کہ کیا کیا خرچ کریں۔۔ کہہ دو کہ جو کارِ خیر میں تم نے

مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَ

لگانا چاہا، تو وہ ماں باپ اور قرابت داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور

ابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾

مسافر کا حق ہے۔ اور جو نیکی کرو، تو بیشک اللہ اس کو جاننے والا ہے ●

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا

فرض کیا گیا تم پر جہاد، اور وہ ناگوار ہے تم کو، اور کیا دُور، کہ تم ناگوار رکھو کسی

شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَ

چیز کو، حالانکہ وہ بہتر ہے تمہارے لئے، اور قریب ہے کہ پسند کرو کسی چیز کو، حالانکہ وہ بری تمہارے لئے۔ اور

اللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ ع ۲۶ ۱۰

اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ● پوچھتے ہیں تم سے ماہ حرام میں

قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ

لڑنے کا حکم۔ کہہ دو اس میں لڑنا بڑا جرم ہے۔ اور اللہ کے راستہ سے روکنا، اور

كُفْرٌ ۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۫ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ

اس سے انکار کردینا، اور مسجد حرام سے روک دینا ہے، اور وہاں کے لوگوں کو حرم سے نکال دینا بہت بڑا جرم ہے

اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ

اللہ کے نزدیک۔ اور فتنہ گروں کا فتنہ انکے قتل سے بڑھ کر ہے۔ اور وہ ہمیشہ ہی تم سے لڑتے بھڑتے رہیں گے،

حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ

یہاں تک کہ ہو سکے تو تم کو تمہارے دین سے پھیر دیں۔ اور جو پھر جائے تم میں سے

عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِى

اپنے دین سے، پھر مر جائے اس حال میں کہ کافر ہے، تو وہ لوگ ہیں جن کا کیا دھرا جاتا رہا،

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۱۷﴾

دنیا اور آخرت میں۔ اور وہ جہنم والے ہیں۔ وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں ●

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ

بیشک جو ایمان لائے، اور جنہوں نے ہجرت کی، اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا،

اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۱۸﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ

وہ امید رکھیں اللہ کی رحمت کی۔ اور اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے ● پوچھتے ہیں تم سے

عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ؕ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۫ وَ

شراب اور جوئے کے بارے میں۔ کہہ دو "دونوں میں گناہ تو بڑا ہے، اور فائدے ہیں عام لوگوں کیلئے"۔ اور

اِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ ؕ قُلِ

ان کا گناہ زیادہ بڑا ہے ان کے فائدہ سے۔ اور پوچھتے ہیں تم سے کہ "کیا خرچ کریں"۔ کہہ دو "جو

الْعَفْوَ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱۹﴾ فِى

تمام خرچ سے بچے"۔ اسی طرح بیان فرما دیتا ہے اللہ تمہارے لئے آیتیں، کہ اب سوچ اور غور سے کام لو ●

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ

دنیا و آخرت میں۔ اور پوچھتے ہیں تم سے یتیموں کے بارے میں۔ کہہ دو "انکے بہتری کا کام کرنا

خَيْرٌ ؕ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ

بہتر ہے"، اور اگر اپنا ان کا مال ملا جلا کر رکھو، تو وہ تمہارے بھائی ہیں۔ اور اللہ معلوم کرا دیتا ہے فسادی کو الگ،

الْمُصْلِحِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۰﴾ وَلَا

خیر خواہ سے۔ اور اگر اللہ نے چاہا ہوتا، تو تم کو ضرور گرفتارِ مصیبت کر دیتا، بیشک اللہ غلبہ والا حکمت والا ہے ● اور مت

تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ

نکاح کرو شرک والیوں سے، یہاں تک کہ ایمان لائیں۔ اور یقیناً ایمان والی لونڈی بہتر ہے

مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ

شرک والی سے، گوشرک والی تمہیں اچھی لگے۔ اور اپنی لڑکیوں کو مشرکین کے نکاح میں نہ دو یہاں تک کہ وہ ایمان قبول

وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ

کریں۔ اور بلاشبہ مسلمان غلام بہتر ہے ہر مشرک سے، گووہ تمہیں اچھا لگے۔ وہ لوگ بلائیں جہنم

اِلَى النَّارِ ۚۖ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ

کی طرف، اور اللہ بلائے جنت اور بخشش کی طرف اپنے حکم سے، اور صاف صاف بیان فرمائے اپنی

اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ ع ۲۷

آیتوں کو لوگوں کیلئے، کہ اب سبق لیں● اور پوچھتے ہیں تم سے حیض کے بارے میں۔

قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِى الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ

کہہ دو، "وہ گندگی ہے"، تو ہٹائے رکھو عورتوں کو ایام حیض میں، اور انکی قربت نہ کرو،

حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ

یہاں تک کہ پاک ہو جائیں۔ پھر جب پاک ہوگئیں تو جاؤ انکے پاس اس مقام سے کہ حکم دیا تم کو اللہ نے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿۲۲۲﴾ نِسَآؤُكُمْ

بیشک اللہ محبوب بنالیتا ہے بہت توبہ کرنے والوں اور دوست رکھتا ہے صاف ستھرے رہنے والوں کو● تمہاری عورتیں

حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۫ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَ

تمہارے لئے کھیت ہیں، تو جاؤ اپنے کھیت میں جس طرح چاہو، اور پیشگی بھلائی کرلو اپنے لئے۔ اور

اتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَلَا

اللہ کو ڈرو، اور جان رکھو کہ بیشک تم اس سے ملنے والے ہو۔ اور بشارت دے دو ایمان والوں کو● اور نہ

تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا

بناؤ قسم کھا کر اللہ کو اپنی قسموں کا ہدف، احسان کرنے اور پرہیز گاری کرنے اور لوگوں میں صلح

بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ

کرانے میں۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے● نہیں گرفت فرماتا تمہاری اللہ، تمہاری بے معنی

فِىْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

قسم پر۔ لیکن ہاں، گرفت فرماتا ہے اُس قسم کی، جس کو تمہارے دلوں نے کمایا ہے۔ اور اللہ

غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ

بخشنے والا حلم والا ہے● انکے لئے جو قسم کھا جائیں اپنی عورتوں کے پاس جانے کے بارے میں، مہلت ہے چار مہینہ

اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾ وَاِنْ عَزَمُوا

کی، پس اگر انھوں نے رجوع کرلیا، تو بیشک اللہ بخشنے والا رحمت والا ہے● اور اگر پکا ارادہ کرلیا

الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ

طلاق کا، تو بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے● اور طلاق دی ہوئی عورتیں روکے رہیں

بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ

اپنے آپ کو، تین ماہواری، اور حلال نہیں ہے اُن کو چھپانا اُس کا، کہ پیدا فرمادیا

اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَ

اللہ نے اُن کے رحم میں، اگر مانتی ہیں اللہ اور پچھلے دن کو۔ اور

بُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ۭ وَ

اُن کے شوہر زیادہ حق رکھتے ہیں ان کے لوٹا لینے کا اس مدت میں، اگر ارادہ کرلیا اصلاح کا۔ اور

لَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ

عورتوں کا حق اسی طرح ہے، جس طرح ان پر حق ہے باضابطہ۔ اور مردوں کو اُن پر بڑائی

دَرَجَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۠ فَاِمْسَاكٌۢ ع ۲۸ ۷ ۱۲

ہے۔ اور اللہ غلبہ والا حکمت والا ہے● طلاقِ رجعی دو بار ہے، پھر خوبی کے ساتھ روک

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا

لینا ہے، یا بھلائی کے ساتھ چھوڑ دینا۔ اور نہیں حلال ہے تمہیں یہ، کہ لے لو جو دے

مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـــًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ

چکے ہو انہیں کچھ، مگر یہ کہ دونوں ڈریں کہ نہ پابندی کرسکیں گے اللہ کے قوانین کی۔

فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا

تو اگر تمہیں ڈر لگے کہ نہ قائم رکھ سکیں گے اللہ کے حدود کو، تو ان پر کچھ الزام نہیں، اس میں

افْتَدَتْ بِهٖ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ

جو عورت نے اپنے چھٹکارے کیلئے دیا۔ یہ اللہ کے حدود ہیں، تو ان سے نہ بڑھو۔ اور جو بڑھے

حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ

اللہ کے حدود سے، تو وہی ظالم ہیں● پس اگر آخری طلاق دے دی دو بار کی مطلقہ کو، تو وہ عورت حلال نہیں

لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ

اُس مرد کیلئے، یہاں تک کہ ذائقہ نکاح چکھیں دوسرے شوہر سے، پھر اگر دوسرا شوہر بھی طلاق دیدے، تو

عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ

اب ان پر کوئی حرج نہیں، کہ باہم مل جائیں، اگر دونوں نے طے کرلیا ہو، کہ قائم رکھیں گے اللہ کے حدود کو۔ یہ ہیں

حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ

اللہ کے حدود، بیان فرماتا ہے ان کو اُس قوم کیلئے، جو دانا ہیں● اور جب تم نے طلاق دے دی عورتوں کو،

فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ

پھر وہ اپنی عدت کی مدت تک آپہنچیں، تو ختم مدت سے پہلے انکو عمدہ طریقہ سے روک لو، یا مہربانی سے ان کو

بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَّلَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ

چھوڑ دو، اور ان کو نہ روکو ستانے کو، کہ حد سے بڑھ جاؤ۔ اور جو یہ کرے،

ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۠ وَّ

تو بے شک اپنے اوپر ظلم کیا۔ اور نہ بناؤ اللہ کی آیتوں کو ٹھٹھا۔ اور

اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَ

ذکر کرو اللہ کی نعمت کا اپنے اوپر، اور جو اتارا تم پر کتاب اور

الْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

حکمت، نصیحت فرماتا ہے تمہاری اس سے، اور ڈرو اللہ کو اور جان رکھو کہ بے شک اللہ ہر چیز کا

عَلِيْمٌ ﴿۲۳۱﴾ ع وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ ۲۹ ع ۱۳ الثلثین

جاننے والا ہے● اور جب طلاق دیدی تم نے عورتوں کو، پھر انھوں نے پوری کرلی اپنی مدتِ عدت کو، تو تم ان کو نہ

اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ

روکو اس سے کہ نکاح کرلیں اپنے چنے ہوئے شوہروں سے، جب کہ باہم رضامند ہو گئے باقاعدہ۔ یہ

يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ

نصیحت دی جاتی ہے اس کو، جو تم میں سے مانے اللہ کو اور پچھلے دن کو۔ یہ تمہارے لئے

اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾ وَالْوَالِدٰتُ

زیادہ پاک وصاف ہے۔ اوراللہ جانتا ہے اورتم نہیں جانتے ● اور مائیں

يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ

دودھ پلائیں اپنی اولاد کو دوبرس کامل، اسکے لئے جس نے طے کرلیا دودھ پلانے کی مدت

الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ

پوری کرنے کو۔ اور جس باپ کا بچہ ہے، اس پر عورتوں کا کھانا کپڑا ہے حسبِ دستور۔

لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ ۢ بِوَلَدِهَا وَلَا

نہیں تکلیف دیا جاتا کوئی، مگر اس کی سکت بھر۔ نہ ستائی جائے ماں اپنے بچہ کی وجہ سے، اور نہ

مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۚ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا

باپ اپنی اولاد کی وجہ سے۔ اور باپ کے وارث پر اسی طرح واجب ہے۔ پس اگر ماں باپ نے طے کرلیا

فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ وَاِنْ

دودھ چھڑانے کو باہمی خوشی اور مشورہ سے، تو دونوں پر کوئی الزام نہیں۔ اور اگر

اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ

تم نے چاہا کہ دائی سے دودھ پلواؤ اپنے بچوں کو، تو تم پر کوئی الزام نہیں، جب کہ دے دیا ہو تم نے

مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

جو کچھ ٹھہرالیا تھا باقاعدہ۔ اور ڈرو اللہ کو اور جان رکھو کہ بے شک اللہ تمہارے کئے کو

بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ

دیکھنے والا ہے ● اور جن کو وفات دی جائے تم میں سے، اور وہ چھوڑیں بیبیاں، تو عورتیں اپنے کو روک

بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا

رکھیں چار مہینہ دس دن۔ پس جب پوری کرلی اپنی مدتِ عدت کو، تو تم

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

پر کچھ حرج نہیں اس میں، جو وہ کرگزری ہوں اپنے بارے میں، قانون کے موافق۔ اور اللہ

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ

باخبر ہے اس سے جو تم کرو ● اور تم پر کچھ الزام نہیں اس میں، کہ پردہ پردہ میں عورتوں کی منگنی

خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ

کا تم نے پیغام دیا، یا تم نے خواہش نکاح کو اپنے دل میں چھپالیا، اللہ کو معلوم ہے کہ بے شک تم

سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا

عورتوں کو یاد کرو گے، لیکن ہاں، نہ وعدہ کرنا ان سے خفیہ، مگر یہ کہ بات چیت کرو

قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۬ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ

ایسی، جو قاعدہ کی ہو۔ اور نہ عزم کرو عقد نکاح کا، یہاں تک کہ پہنچ جائے عدت مقررہ

اَجَلَهٗ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَ

اپنی مدت کو۔ اور جان رکھو کہ بیشک اللہ جانتا ہے جو کچھ تمہارے اندر ہے، تو اس کو ڈرو۔ اور

اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ

جان رکھو کہ بیشک اللہ بخشنے والا حلم والا ہے ● نہیں ہے کوئی مہر کی ذمہ داری تم پر، اگر تم نے طلاق دیدی اس عورت کو

مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۖۚ وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ

جس کو چھوا بھی نہیں، اور کوئی مہر مقرر نہیں کیا، اور انھیں برتنے کو کچھ دے دو۔

عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًۢا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ

صاحب وسعت پر اس کے موافق، اور تنگدست پر اس کے موافق، جوڑا دینا با قاعدہ حق ہے،

حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ

بھلائی کرنے والوں پر ● اور اگر طلاق دی تم نے ان کو، قبل اس کے کہ

تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ

ان کو چھوا، اور مقرر کر دیا تھا تم نے ان کا حصہ مہر، تو آدھا ہے اس کا جو تم نے مقرر کیا تھا، مگر یہ کہ عورتیں وہ بھی

اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ وَاَنْ تَعْفُوْٓا

معاف کر دیں، یا رعایت نہ لے کر شان عفو دکھاوے شوہر، وہ جس کے ہاتھ میں عقد نکاح ہے۔ اور مردوں کا شان عفو دکھانا

اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ؕ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

پرہیزگاری سے زیادہ قریب ہے۔ اور بھول نہ جاؤ آپس کے فضل و کرم کو۔ بے شک اللہ تمہارے کئے کو

بَصِيْرٌ ﴿۲۳۷﴾ حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۗ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ

دیکھنے والا ہے ● نگہبانی کرو سب نمازوں کی اور درمیانی نماز کی۔ اور کھڑے ہو اللہ کیلئے

قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا

باادب ● پس اگر کسی خوف میں تم آ گئے تو پیدل یا سوار، پھر جب امن میں آ گئے تم اللہ کا ذکر کرو

اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ

جس طرح اس نے تم کو سکھا دیا وہ، جس کو تم نہ جانتے تھے ● اور جو وفات دیئے جائیں تم میں سے،

وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ

اور چھوڑیں بیبیاں، وہ کریں وصیت اپنی بیبیوں کیلئے نان نفقہ کا سال بھر تک، بغیر گھر سے

اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ

نکالنے کے۔ پھر اگر عورتیں خود نکل جائیں، تو تم پر کوئی الزام نہیں اس میں، جو انھوں نے کر لیا اپنے متعلق کوئی

مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۴۰﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ

مناسب امر۔ اور اللہ غلبہ والا حکمت والا ہے ● اور طلاق دی ہوئی عورتوں کیلئے بھی نان نفقہ ہے مناسب طریقہ سے،

حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

واجب ہے پرہیزگاروں پر ● اسی طرح بیان فرماتا ہے اللہ تمہارے لئے اپنی آیتوں کو، کہ اب

تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۴۲﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ ۵ ع ۱۵ ۳

عقل سے کام لو ● کیا تم نے دیکھا نہیں انھیں، جو نکلے تھے اپنے گھروں سے، اور وہ کئی ہزار تھے،

حَذَرَ الْمَوْتِ ۪ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ

موت کے خوف سے، تو فرمایا اُن کو اللہ نے، کہ "مر جاؤ۔۔۔" پھر زندہ فرما دیا ان کو۔ بے شک اللہ

لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾ وَ

ضرور لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے۔ لیکن زیادہ لوگ ناشکر گزار ہیں ● اور

قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾ مَنْ ذَا الَّذِيْ

لڑو اللہ کی راہ میں، اور جان رکھو کہ بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے ● کوئی ہے! جو

يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۗ وَاللّٰهُ

دے اللہ کو قرضِ حسنہ، تو بڑھا دے اللہ اس کو کئی زیادہ گنا۔ اور اللہ ہی

يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۪ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۴۵﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ

تنگی ڈالے اور وہی فراخی بخشے، اور اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ● کیا تم دیکھ نہیں چکے بنی اسرائیل کی ایک جمعیت کو،

إِسْرَآءِيلَ مِنۢ بَعْدِ مُوسَىٰ إِذْ قَالُوا۟ لِنَبِىٍّ لَّهُمُ ٱبْعَثْ لَنَا مَلِكًا

بعد زمانہ موسیٰ کے۔۔۔ جب کہ وہ بولے اپنے نبی کو کہ "ہمارے لئے کسی کو بادشاہ بنا کر کھڑا کر دو،

نُّقَٰتِلْ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ ۖ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ إِن كُتِبَ عَلَيْكُمُ

کہ ہم لڑیں اللہ کی راہ میں"۔ کہا "کچھ دور نہیں تم سے، کہ اگر فرض کر دیا جائے تم پر

ٱلْقِتَالُ أَلَّا تُقَٰتِلُوا۟ ۖ قَالُوا۟ وَمَا لَنَآ أَلَّا نُقَٰتِلَ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ

لڑنا، یہ کہ نہ لڑو"۔ سب بولے "اور ہمارے لئے کیا وجہ ہے کہ نہ لڑیں اللہ کی راہ میں،

وَقَدْ أُخْرِجْنَا مِن دِيَٰرِنَا وَأَبْنَآئِنَا ۖ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ ٱلْقِتَالُ

حالانکہ ہم نکالے گئے ہیں اپنے گھروں اور بچوں سے"۔۔۔ پھر جب فرض کیا گیا ان پر لڑنا،

تَوَلَّوْا۟ إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ ۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌۢ بِٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٢٤٦﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ

تو منہ پھیر لیا مگر ان کے تھوڑوں نے، اور اللہ ظالموں کو جاننے والا ہے ● اور ان کو کہا ان کے نبی نے

إِنَّ ٱللَّهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا ۚ قَالُوٓا۟ أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ ٱلْمُلْكُ

"بیشک اللہ نے کھڑا کیا ہے تمہارے لئے طالوت کو بادشاہ"۔ سب بولے "کس طرح ہوگی اس کی حکومت

عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِٱلْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ ٱلْمَالِ ۚ

ہم پر، حالانکہ ہم زیادہ حق دار ہیں حکومت کے، اور اس کو تو مال میں بھی وسعت نہیں دی گئی"۔

قَالَ إِنَّ ٱللَّهَ ٱصْطَفَىٰهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُۥ بَسْطَةً فِى ٱلْعِلْمِ وَٱلْجِسْمِ ۖ

کہا "بیشک اللہ نے اس کو تم پر چن لیا ہے اور علم و جسم میں اس کی کشادگی بڑھا دی"۔

وَٱللَّهُ يُؤْتِى مُلْكَهُۥ مَن يَشَآءُ ۚ وَٱللَّهُ وَٰسِعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٤٧﴾ وَقَالَ لَهُمْ

"اور اللہ اپنا ملک جس کو چاہے دے۔ اور اللہ وسعت والا علم والا ہے" ● اور کہا ان کو ان کے

نَبِيُّهُمْ إِنَّ ءَايَةَ مُلْكِهِۦٓ أَن يَأْتِيَكُمُ ٱلتَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّن

نبی نے "بیشک اسکی حکومت کی نشانی یہ ہے، کہ آئے تمہارے پاس تابوت، جس میں سامانِ سکون ہے

رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ ءَالُ مُوسَىٰ وَءَالُ هَٰرُونَ تَحْمِلُهُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ ۚ

تمہارے رب کی طرف سے، اور بچا ہوا تبرک ہے حضرت موسیٰ و حضرت ہارون کا، اٹھائے ہیں اس کو فرشتے۔

إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٢٤٨﴾ فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ

بیشک اس میں ضرور نشانی ہے تمہارے لئے، اگر تم ماننے والوں سے ہو" ● پس جب الگ کر لیا طالوت نے

بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ

لشکروں کو، کہا "بے شک اللہ آزمانیوالا ہے تم کو ایک نہر سے، تو جس نے اس سے پی لیا، تو وہ مجھ

مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهٖ ۚ

سے نہیں۔ اور جو اس کو نہ چکھے، تو بے شک وہ مجھ سے ہے، مگر وہ جو چُلّو بھر لے اپنے ہاتھ میں"۔

فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

تو لشکریوں نے پی لیا نہر سے مگر ان کے تھوڑوں نے، پس جب پار کر لیا نہر کو طالوت نے، اور اس کے صاحبِ ایمان

مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ

ساتھیوں نے، بولے، کہ "نہیں ہے طاقت ہم میں آج جالوت اور اسکے لشکروں کے مقابل"، کہا ان لوگوں نے جو

يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ

سمجھتے ہیں کہ بیشک وہ ملنے والے ہیں اللہ سے، "کہ کتنی چھوٹی جماعت ہیں کہ غالب آچکی ہیں بڑی جمعیت پر

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝۲۴۹ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ

اللہ کے حکم سے، اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے"● اور جب کھل کر آ گئے جالوت اور اس کے لشکروں کیلئے،

قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى

عرض کیا، "اے ہمارے پروردگار انڈیل دے ہم پر صبر کو، اور جما دے ہمارے قدموں کو، اور مدد فرما ہماری

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝۲۵۰ فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ وَقَتَلَ دَاٗوٗدُ جَالُوْتَ

کافروں پر"● تو شکست دیدی ان کو اللہ کے حکم سے۔۔ اور قتل کیا داؤد نے جالوت کو،

وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَاۗءُ ۭ وَلَوْلَا

اور دیا ان کو اللہ نے حکومت اور حکمت، اور سکھا دیا ان کو جو چاہا۔ اور اگر نہ ہو

دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَ

دفع کرنا اللہ کا لوگوں کو، بعض کو بعض سے، البتہ تباہ ہو چکی ہوتی زمین۔

لٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝۲۵۱ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ

لیکن اللہ فضل و کرم والا ہے دنیا بھر پر● یہ ہیں آیتیں اللہ کی،

نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۲۵۲

پڑھتے ہیں ان کو تم پر بالکل ٹھیک۔ اور بے شک تم رسولوں سے ہو●